جادو کو جادوگر ہی اتار سکتا ہے

حسن بصری رحمہ اللہ سے منقول ہے وہ کہتے ہیں: ”جادو کو جادوگر ہی اتار سکتا ہے“
[حَسَنْ] [اسے ابنِ ابی شیبہ نے روایت کیا ہے - اسے امام خطابی نے روایت کیا ہے]

نُشرہ (ایک قسم کا منتر ہے جو جادو کے توڑ کے لیے پڑھا جاتا ہے) حسن بصری رحمہ اللہ کا کلام بظاہر نُشرہ کی مطلقاً نفی کرتا ہے، اس لیے کہ جادو کو وہی شخص ختم کرسکتا ہے جو اس کے بارے میں جانتا ہو یہ جادو کو جادو کے ذریعے سے ختم کرنے پر محمول ہے جو کہ شیطانی کام ہے ابن القیم رحمہ اللہ علیہ نے اس کو تفصیل سے ذکر کیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جادو کا علاج جائز دواؤں اور تلاوت قرآن کے ذریعے سے کرنا جائز ہے جب کہ جادو کا علاج جادو ہی کے ذریعے سے ناجائز اور حرام ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3408